نہین تو خواب مین آکر دکھا دو نہ زیبا
دکھاؤن کسطرح صورت مین جا کر اپنے مولا
اسی عبث ہو تھا آپ کا سودا
ہزارون اپنے یا خون سے مرادین
تجلی طور پر دکھلائی چشم دل کو

مدینہ کا نہال ایک ایک شگل محل جنت کا
الٰہی کر کے روشن جلوہ توحید سے دل کو
شب معراج میں دیدار حضرت کا دکھایا تھا
تن حضرت تھا نور حق کا جلوہ شکل انسان میں
رکھا پائے مبارک جب شب معراج مولا نے

تجلی نے سرین حلہ میں گارا ہی جلوے کو
دکھائے آنکھ سے میری خدایا نور حضرت کو
رکھا تھا اس لیے چرخ چہارم پر مسیحا کو
بھلا مقدور کیا تھا لکھ سکوں صفت و سیرت کو
اقامت ہو گئی جاحل وہیں عرش معلے کو

نمبر ۷۹ | مسلمانوں کے مرقد سے یہ اتنی ہے صدا طالب
اڑا کر اے صبا لیچل ہماری خاک طیبے کو | **شعر ۱۲**

پیش نظر جمال محمد شتاب ہو
کیسی خدا کو آپ کی خاطر عزیز ہے
مقبول دو جہاں کے ہیں اللہ کے رسول
تمیر خدا نے جملہ مراتب کیے تمام
گر دیکھ پائے روئے مبارک کا کچھ فروغ
تب بھی نہ شمہ آپ کی توصیف ہو رقم
سونگھے جو بوئے خوش عرق جسم پاک کی
ڈر عاصیو تجھ کو کیوں ہو حساب کتاب سے
تابع رسول پاک کی محفل کے جو کہ ہوں
آل نبی سے بغض جو رکھتا ہو بد گہر
اندیشہ فشار نہ اسکو عذاب قبر

پھر خدا کہیں یہ دعا مستجاب ہو
جب ہو سوال ادھر سے ادھر سے جواب ہو
جملہ پیمبروں میں تمہیں انتخاب ہو
محبوب کبریا ہو رسالت مآب ہو
غیرت سے جلوہ گر نہ رخ آفتاب ہو
اوراق نہ فلک کی مجلد کتاب ہو
غیرت سے آب آب یہ مشک و گلاب ہو
حضرت جو تم سا شافع روز حساب ہو
مٹی خراب انکی ہو خانہ خراب ہو
چھوٹے نہ گھر کی شکل وہ بد آب تاب ہو
سردار جس بشر کا شہ بوتراب ہو

نمبر ۸۰ | یارب یہ آرزو ہے کہ طالب بروز حشر
تھامے ہوئے براق نبی کی رکاب ہو | **شعر ۷**

بلالو ہند سے یثرب میں اے خیر الورا مجھکو
تڑپتا ہے دل بیتاب دیدار حضرت کو
سوا نیزہ پہ جب خورشید محشر آ کے محشر ہو

میں ہوں بیمار ہجران کا عطا کیجے دوا مجھکو
خداوندا کسی صورت دکھا مجھکو دکھا کر
لوائے حمد کے نیچے بٹھانا مصطفیٰ مجھکو

منھیں جو شافع امت ہمیں جو آیۂ رحمت	بچانا نار دوزخ سے نبی بہر خدا مجکو
لکھے ہیں میں جو مضمون اعلے نعت سیرو من	کرے اشعار سننا رے کہتے ہیں سب جا بجا مجکو
تصور رات دن رہتا ہی دل میں یا نبی تیرا	وہ شکل رشک آئینہ کیسی صورت دکھا مجکو

نمبر ۸۱ — **شعر ۷**

دو دیکا پردہ اٹھ جائے ابھی آنکھوں سے ای طالب
تجلی حق کی دکھلائے اگر وہ حق نما مجکو

اللہ دکھائے کہیں روضہ ترا مجکو	اعلے کہیں جنت سے ہی ماوا ترا مجکو
کیا مال ہی جنت کہ کروں جس کی تمنا	سو خلد سے بہتر ہی یہ کوچہ ترا مجکو
بجائے تمنا دل بیتاب کی یا رب	آوے جو نظر خواب میں جلوہ ترا مجکو
جز نام خدا نام کو بھی کچھ نہیں خواہش	اسعد جو ہوا نام ہی پیارا ترا مجکو
کچھ شک نہیں اس میں جو خدا سے ہوں واصل	کچھ نقشہ دکھائیگا یہ نقشہ ترا مجکو
تو نام خدا ایسا کچھ آنکھوں میں سمایا	ہر شے میں نظر آتا ہی جلوہ ترا مجکو

نمبر ۸۲ — **شعر ۷**

طالب کی خدا سے یہ شب و روز دعا ہی
ہر وقت رہے یاد وظیفہ ترا مجھکو

بزم میلاد کو کیا رتبہ ملا ہی دیکھو	وقت مولد کی ہر اک شخص کھڑا ہی دیکھو
آپکا ہر دو جہان ہی یہ ثنا خوان تنہا	پڑھ تا خلاق میں صل علے ہی دیکھو
عرش سے فرش تلک جلوہ نما ہیں انوار	کیا ہی اس بزم مقدس میں ضیا ہی دیکھو
ہم سیہ کارو کو بخشائینگے حضرت پہلے	کس قدر رتبۂ محبوب خدا ہی دیکھو
شوق نظارہ حضرت میں ہیں آنکھیں سفید	آئی کیا روضۂ اقدس کی ضیا ہی دیکھو
غنچۂ دل ہوا جاتا ہی شگفتہ میرا	آہ سرد آپ کی فرقت میں صبا ہی دیکھو

نمبر ۸۳ — **شعر ۱۱**

اسکے جلوے سے کوئی شی نہیں خالی طالب
نور اللہ کا ہر اک میں بسا ہی دیکھو

آرہنگے زیب سر جسدم نبی تاج شفاعت کو	بروز حشر حاصل ہوگی فرحت کیسی امت کو
نہ جاؤں جا ہی مر جاؤں کبھی میں سیر جنت کو	پس از مردن جو طیبہ میں جگہ ملجائے تربت کو

کیا پیدا خدا نے اسلیے نور نبوت کو
کہ عالم مین کرے اظہار عز و شان نبوت کو

کیا روشن خدا نے جسگھڑی نور رسالت کو
ہمیشہ مہر و مہ دیکھا کیئے مہر نبوت کو

اگر پیدا نہ کرتا حق تعالی نور حضرت کو
کبھی ظاہر نہ کرتا اپنے اسرار حقیقت کو

گنہگار و نکی کشتی پار ہوتی ایک ساعت مین
شفاعت جوش پر لاتی اگر دریای رحمت کو

ہمارے بخت خوابیدہ کو اب بیدار فرماو
دکھا کر خواب مین تم اپنے روضہ مین ہی صورت کو

ہوا شق القمر اک آن مین اعجاز والا سے
ہلایا جسگھڑی حضرت نے انگشت شہادت کو

شب معراج بلواکے گھر سے عرش اعظم پر
تماشا اپنی قدرت کا دکھایا حق نے حضرت کو

احمد ہین اور احمد ہین تفاوت حرف میمی کا
نہ سمجھے رمز گر اسکی وہ کیا جانے حقیقت کو

نمبر ۸۴	تڑپتا طالب دلگیر ہو حضرت کی فرقت مین خدا دکھلائیگا کسدن اسے حلیہ کی صورت کو	شعر ۱۲

آنا اس بزم مقدس مین سعادت جانو
ذکر میلاد کو دین دار و عبادت جانو

بزم میلاد کو تم منزل رحمت جانو
سحر و شام خداوند کی رحمت جانو

رونق افروز ہوا محفل حضرت سے جو گھر
مین اس خانہ کو تم منزل رحمت جانو

گوش دل سے جو سنا کرتے ہین ذکر حضرت
انکے رہنے کے لیے روضہ جنت جانو

بزم میلاد کا تم مرتبہ اعلی سمجھو
اہل دین اپنی اگر عزت و حرمت جانو

تمکو ہو دولت اسلام جو حاصل کرنا
بخدا نام خدا شہ کی بدولت جانو

ہو روایت مین رقم آئے ہین محبوب الہ
بزم میلاد سے گر سدرہ ہو الفت جانو

وقت مولد کے ہمین چاہیئے تعظیم کرو
اپنے محبوب کی اتنی تو محبت جانو

باوضو باادب آتے ہین ملائک اصحاب
لیکن افسوس نہ تم اسکی حقیقت جانو

ہر نور ہر اک سمت نظر آتا ہی
بزم میلاد یہ خالق کی عنایت جانو

بھیجو صلوٰۃ محمد پہ بصدق و آداب
اسکو انعام و صلا اپنی شفاعت جانو

نمبر ۸۵	نعت حضرت کی جو طالب سے رقم ہوتی ہے سنکر اسکو مومنو اللہ کی قدرت جانو	شعر ۸

نعت کچھ ایسی عاشقانہ ہو
کاش یثرب کو تن روانہ ہو
ہو تمنا مرون مدینہ مین
بھیجتا ہو سو منو درود و سلام
یاد حضرت مین چاہیے رونا
ہو تمنا کہ قرب روضہ کے
یا الہی وہ دن دکھا اسکو

مبتلا جس پر اک زمانہ ہو
جان دیدون جو میرا جانا ہو
بے ٹھکانون کا وان ٹھکانا ہو
گھر اگر خلد مین بنانا ہو
اشک آنکھون سے گر بہانا ہو
طائر دل کا آشیانہ ہو
پڑھ کے صلوۃ یہ روانہ ہو

نمبر ۸۶

ہو تمنا کہ قبر طالب پر
ابر رحمت کا شامیانہ ہو

شعر ۷

ہر دم زبان سے ہو ادا سبحانہ سبحانہ
معراج کو جس دم نبی پہنچے بہ تفریح و خوشی
ای مطلع نور خدا ای افتخار انبیا
ہو جبکہ وقت واپسین ہو آرزو ان جاں آفرین
جب حشر برپا ہو نبی عالم پریشان ہو سبھی
ای مرجع شاہ و گدا ای منبع جود و عطا

کہتا رہون صبح و مسا سبحانہ سبحانہ
بولے ملک صد مرحبا سبحانہ سبحانہ
کونین ہی تجھ پر فدا سبحانہ سبحانہ
ہو لب پہ میرے صد ادا سبحانہ سبحانہ
تو امتی فرمائیگا سبحانہ سبحانہ
تم سا نہین ہو دوسرا سبحانہ

نمبر ۸۷

ظاہر خدا کی شان ہی اسواسطے حیران ہی
طالب کہے ہی برملا سبحانہ سبحانہ

شعر ۱۰

برتر ہو سب سے سرور ہی صلوا علیہ صلوا علیہ
تو پیشوا سبکا ہی سب کلمہ گو خلقت ہی
ہوگا نہ پیغمبر کوئی ایسا قیامت تک کبھی
بولے ملک صبا خوشی آئے ہمارے بہر ہی
کہتے ہیں شکر مولا کا ادا تو ہی ہمارا پیشوا
عاشق ہیں ہم تجھپر نبی قربان ہی جان جی

تیرے لیے ہی رہبری صلوا علیہ صلوا علیہ
سبکی تجھی سے ہی سروری صلوا علیہ صلوا علیہ
بس ختم ہی پیغمبری صلوا علیہ صلوا علیہ
رضوان بچھا فرش زری صلوا علیہ صلوا علیہ
یہ دیکھ شوریدہ سری صلوا علیہ صلوا علیہ
کہتے ہیں انسان و پری صلوا علیہ صلوا علیہ

صدقے سے ترے ہی نبی ہوں ہیں گیا ہوں بری — گر عاصیوں کی رہبری صلو علیہ صلو علیہ
آقا ہے سبکا تو نبی ہے ختم تجھ پر سروری — ہو کس سے تیری ہمسری صلو علیہ صلو علیہ
آئے قیامت جس گھڑی کرنا شفاعت یا نبی — عاصی ہوں عصیاں سے بری صلو علیہ صلو علیہ

نمبر ۸۸

یہ التجا ہے اے نبی طالب کہے دیکھو کبھی
اللہ کی صورت گری صلو علیہ صلو علیہ

شعر ۱۱

جس وقت کہ روضہ میاں نظر آئے مدینہ — یوں جانئے دل میں کہ بس جائے مدینہ
ہو تیرے سوا کوئی نہیں مونس و غمخوار — گر آئے کے مدد واسطے مولا کے مدینہ
عالم میں مرا جی نہیں لگتا ہے خدایا — ہر جا کی بنا دیکھ کے ہر جا ہے مدینہ
ملجاتا ہے ڈھونڈے سے بلا ریب خدا بھی — کچھ اور نہیں مجھکو جو ملجائے مدینہ
گلشن نہ ہو رشک ارم غیرت فردوس — رشک چمن خلد ہو صحرا ہے مدینہ
ہر لب کو زمین بوس کی ہجے ہے تمنا — ہر صبح کو ہو سر پہ نہیں جبیں سا ہے مدینہ
ہوں روضہ انور سے منور کہیں آنکھیں — اللہ کسی راہ سے دکھلائے مدینہ
وہ پاؤں نہیں جو نہ تھکیں اسکی طلب میں — کیا سیر ہو وہ جسکو نہیں سوجھے سوائے مدینہ
سودا ہو جسے شہ کی تعشق کا دل زار — ہر شام و سحر اسکو نظر آئے مدینہ
ہو صبح کے خوں کف پا سے سر خار — گر رنگ جنوں میرے لئے لائے مدینہ

نمبر ۸۹

یہ حسرت و افسوس رہا دل کو ہمیشہ
طالب بلا مجھکو کبھی ہائے مدینہ

شعر

دوبگا پردہ تجھوں نے اٹھانا یا رسول اللہ — تجلی خدا مجھکو دکھانا یا رسول اللہ
تمہارے جلوۂ دیدار کی خواہش زیادہ ہے — کسی صورت نہ اب منھ کو چھپانا یا رسول اللہ
قیامت ہو بپا جسدم نگاہ مہر ہو ہم پر — لوائے حمد کے نیچے بٹھانا یا رسول اللہ
تمہیں ہو ساقی کوثر تمہیں ہو شافع محشر — پلانا جام ہم کو بخشوانا یا رسول اللہ
بچانا آتش دوزخ سے حضرت اپنے عاصی کو — مری بخشش کی خاطر لب ہلانا یا رسول اللہ
اگرچہ ہوں یہاں پر میں مگر دل ہے مدینہ میں — مجھے تم ہند سے جلدی بلانا یا رسول

نمبر ۹۰	کسی صورت خدا سے بخشوانا اپنو تھا مجکو خدا کی ہو نہ رحمت کا ٹھکانا یا رسول اللہ	شعر ۹

جان جسوقت لبون سے دل مضطر نکلے
ہر زبان سے ورد نام پیمبر نکلے

شب معراج کو جبریل امین کے ہمراہ
گھر سے سرتاج رسل جو کہ پیمبر نکلے

حوریں کہتی تھیں یہم تو کے یہ معراج کی شب
دیکھو گلگشت کو اللہ کے دلبر نکلے

وہ دو ندا انکے تصور سے کیا ہی موزون
نعت حضرت میں مرے منہ سے جو گوہر نکلے

چاہئے امت عاصی الہی تیرا فضل
روز محشر کو یہ قبرون سے جو باہر نکلے

کاکل احمد مختار کا سودا ہو اگر
مشک و عنبر بھی مرے دل سے معطر نکلے

دل تڑپتا ہی بہت قامت موزون کے لیے
کیا عجب قبر سے لاشہ بھی تڑپ کر نکلے

پڑی امت کے مکانو نہ جو جنت کی نظر
مسکراتے ہوئے خوش ہو کے پیمبر نکلے

نمبر ۹۱	ہر طرف سے تھی ندا صل علی کی طالب شب معراج کو جب شافع محشر نکلے	شعر ۹

گر مدینہ کی طرف ہند سے جانا ہو جائے
باغ فردوس میں رہنے کا ٹھکانا ہو جائے

جسکے باعث سے میں دارین ہون مستغنی
یک نظر لطف کی مجھ پہ خدارا ہو جائے

یاد آجائے دم نزع اگر بندے کو
نام حضرت کا مرے حق میں مسیحا ہو جائے

گر پہنچ جاؤن مدینہ میں تو ہو شادی مرگ
ہو عجب ایک گھڑی پھر مرا جینا ہو جائے

چھاننا خاک مدینہ کی میسر ہو مجھے
تاج سر کا مرے خاشاک بیابان ہو جائے

اسگھڑی سمجھو کہ مجھ کو ہے محبت کامل
عشق حضرت کا مرے دل میں پیدا ہو جائے

باغ فردوس کی مجھ کو نہ ہوس ہو یارو
دشت پر خار مدینہ کا نظارا ہو جائے

آپکی بخشش کہ جس فرق پہ ہو خاک فشان
بیگمان رشک ہما نقش کا پا ہو جائے

نمبر ۹۲	رات کو خواب میں طالب کو ہو دیدار نصیب کبھی حاصل بخدا اسکی تمنا ہو جائے	شعر ۷

ہائے افسوس مدینہ کو نجانے دینا پائے
دل کے ارمان جو تھے وہ نہ بر لانے پائے

ہوئی ہیہات نہ پابوسی حضرت حاصل / سر و نحو ہم قدموں پہ رکھکر نہ اٹھانے پائے

تیرے صدقے سے جو حاسد ہین وہ مغلوب رہین / بات کوئی مرے آگے نہ بنانے پائے

کافرون نے تو بہت خاک اڑائی لیکن / آپکی مہر نبوت نہ مٹانے پائے

سر حضرت پہ رکھا تاج شفاعت حق نے / منکرین رتبہ اسکے علے گھٹانے پائے

تیرے صدقہ سے رہون امن مین مولا محفوظ / کوئی آفت مجھے آکر نہ ستانے پائے

نمبر ۹۳

روضہ پر آپکے تا عمر رہیگا طالب / حکم ہو جائے کہ پھر آکے نجانے پائے

شعر ۸

جسکو دنیا مین محمد سے محبت ہوگی / آپ پر اللہ تعالے کی عنایت ہوگی

حشر کے روز شفاعت کی جو شہرت ہوگی / تجھسے منہ آپکی امت کا ہر امت ہوگی

دستگیری مری اگر جو کرینگے حضرت / اہل محشر مین مری عزت و حرمت ہوگی

محفل مولد سرور جو کریگا گھر مین / دو نو عالم مین اس گھر کی فضیلت ہوگی

گور مین آپ کا کلمہ نہ پڑھونگا کیونکر / روبرو جبکہ مری آپ کی صورت ہوگی

بخشوائینگے کھڑے ہونگے مجھے خود سرور / مجھ سے گنہگار کی محشر مین بھی عزت ہوگی

ہون گنہگار مگر آپکے ہاں عشق خدا / سب سے پہلے مری محشر مین شفاعت ہوگی

نمبر ۹۴

بخشوائینگے مجھے آپ خدا سے طالب / مجھپہ کیا کیا نہ محمد کی عنایت ہوگی

شعر ۷

عشق گیسوے محمد مین پریشان ہے / تار جبکہ رہا ثابت نہ گریبان رہے

آمد عشق ہمیں ہے پئے استقبال / چاہیے پہلے ہی قالب سے جدا جان رہے

میرا آقا یہ تمنا ہے اب اس بندہ کی / دمبدم تجھپہ یہ دل و جان بھی قربان رہے

از ازل تا بہ ابد دین ترا خواہ ہو وہ / گرچہ عیسی ہین نہ موسے نہ سلیمان رہے

ہو وہ نزع امان عارضہ شیطان سے / نہ رہے جان و لیکن مرا ایمان رہے

جلوہ گر روئے نبی سب کو ہے مد نظر / چشم وہ کور ہے جسکو نہ پہچان رہے

مدح و نعت رسول خدا کے باعث / طالب اب ہوگے مرتبہ ترا دیوان رہے

زلف نبی کے ہیں جو پریشان نئے نئے — اُس روئے پاک کے بھی ہیں حیران نئے نئے
نظارۂ نبی کے لیئے دل ہے بے قرار — برپا ہیں آج چشم سے طوفان نئے نئے
حاضر ہو جو کہ مجلس میلاد میں بشر — اُسکو ملیں گے خلد میں سامان نئے نئے
راہ نبی پہ شاد ہیں دیندار اندنوں — مسلے نئے نئے ہیں مسلمان نئے نئے
قدموں کے نیچے آسکے سلیمان کا تخت ہو — چاہے بنائے روز سلیمان نئے نئے
رنج و ملال ہجر نبی میں نصیب ہے — پائے بدولت آپ کے مہمان نئے نئے
مجنون بنا ہوں راز حقیقت کے واسطے — کیونکر کروں نہ چاک گریبان نئے نئے

نمبر ۹۵ | طالب جہاں میں اتو نبی کے طفیل سے
ناخواندہ ہوگئے ہیں سخندان نئے نئے | **شعر ۹**

خدا کے بعد رتبہ میں محمد مصطفے ٹھہرے — نزول وحی قرآن موردِ لطف خدا ٹھہرے
بیان ہو کس زبان سے آپ کے اعزاز کا گو — مراتب میں ہوئے ایسے کہ محبوب خدا ٹھہرے
دیا رتبہ یہاں تک امت حضرت کو خالق نے — کہ انسان آپکی امت کے اکثر اولیا ٹھہرے
ہزاروں انبیا لاکھوں رسل پیدا کیئے حق نے — مگر حضرت ہمارے سبکے ختم الانبیا ٹھہرے
بتاؤ تو کہ کس کی پشت پر مہر نبوت ہے — مکرم ہے نبی نام خدا افضل علے ٹھہرے
ہوئے ایجاد جنکے سوا کس سے دو عالم ان — بنا دین و دنیا کے رسول رہنما ٹھہرے
ہویدا نور حضرت کا ہے بیشک ظاہر و باطن — کہ اول اور آخر سب میں نور الہدیٰ ٹھہرے
قیامت کو مجھے کیا خوف ہو جو آگیا ہوگا — شفاعت کے لیے تم شافع روز جزا ٹھہرے

نمبر ۹۶ | تلاش کوئے احمد میں رہوں رفتار مٹنے تک
طلب میں انکی ہی طالب کبھی اپنا نہ پا ٹھہرے | **شعر ۶**

باغ عشق احمدی دلمیں کھلانا چاہیے — بلبل روح بد کو لب ہلانا چاہیے
بس گیا ہو ہر گل و غنچہ میں رنگ مصطفے — باغ عالم کو خوشی سے مسکرانا چاہیے
جسکی محفل میں ہو ذکر ولادت مومنو — بہر تعظیم نبی سبکو اٹھانا چاہیے
جلوہ گر آئینہ دل میں نہ شکل غیر ہو — نقش روئے مصطفے دل پر جمانا چاہیے

جو کوئی میلاد کی محفل مین داخل ہو بشر | سر سے آنکھون سے قدم اسکے لگانا چاہیے

نمبر ۹۷
کی نہ اکدم آہ تو نے دل سے یاد مصطفے
ہوش مین بیہوش طالب تجھکو آنا چاہیے
شعر ۷

پردہ ظلمت اٹھا جب مصطفے پیدا ہوئے | رونق عالم ہوے نور خدا پیدا ہوئے
تھا گنہگارون مین اک شہرہ مبارکباد کا | ہم سیہ کارون کی خاطر پیشوا پیدا ہوئے
قصر کسرے مین تزلزل و رخنہ پیدا ہوا | جب ہوا شہرہ نبی صل علے پیدا ہوئے
شیر خوارگی مین ہوے حضرت سے پیدا معجزے | واہ وا عالم مین کیا معجز نما پیدا ہوئے
جان و دل سب نے سبھین قربان کیا ہے آپ پر | حق تو یہ ہے جیسے ہین وہ دلربا پیدا ہوئے
ہاجرہ اور سارا اور مریم وہان موجود تھین | اور کہتی تھین مشکل کشا پیدا ہوئے

نمبر ۹۸
با ادب طالب ہو میلاد لازم ہے قیام
سرور ارض و سما ہر دو سرا پیدا ہوئے
شعر ۱۲

جسکے ہین ہمپر رحمت حق بیحساب آنیکو ہی | آج دنیا مین وہ رشک ماہتاب آنیکو ہی
آمنہ سے حور بہین آکر یہ جیسے نے کہا | خاتم مرسل نبی لاجواب آنیکو ہی
مریم و حوا و سارا ہاجرہ کہتی تھین یہ | فخر عالم شاہ آدم بے نقاب آنیکو ہی
آج آتا ہے زمین پر خاص محبوب الہ | جسکی جبرئیل امین تھامے رکاب آنیکو ہی
حورین ہنگام ولادت آمنہ سے کہتی تھین | جسکے روشن ہے زمین وہ آفتاب آنیکو ہی
ہین چرندون اور پرندون مین مبارکبادیان | فضل ہے رب کا وہ شاہ خوش خطاب آنیکو ہی
جسکو حق فرش زمین سے عرش پر بلوائیگا | آج وہ پیغمبرونکا انتخاب آنیکو ہی
جسکے ہوجاینگے دین سابقہ کی رسومات | وہ حبیب خاص حق کا باکتاب آنیکو ہی
کیون نہ فخر کرین سبھی بنی آدم کی تھم جاے عذاب | رحمت اللعالمین با ثواب آنیکو ہی
کہہ رہے تھے شیاطین وقت میلاد نبی | کفر کی اقلیم مین اب انقلاب آنیکو ہی
اٹھو تعظیم نبی کو وقت ہے تعظیم کا | مومنو آج رسول عالیجناب آنیکو ہی

نمبر
امتی ہونیکے طالب جسکے تھے سب انبیا
شعر

۹۹	اب زمین پر وہ نبی لاجواب آنکھو ہی	۹

تری تعریف کا قرآن مین ہر جا ذکر جاری ہی
دمادم ہی دعا جلدی دکھا دیدار حضرت کا
شفاعت عاصیونکی آپ پر ہی منحصر شاہا
تمہارے روضۂ اقدس کو ہم جا بروے مژگان سے
صبا بو لے گئی شاید کہ گیسوئے معنبر کی
دکھایا ہی لب رنگین حضرت کو دلا کس نے
شفیع المذنبین حق نے نبی تمکو کیا پیدا
ہوا ہی مانع مولود خوانی جو کوئی جاہل

تری صورت خدا کو ای ہی پاک پیاری ہی
بجز اسکی نہین اور التجا یارب ہماری ہی
خدا کو جملہ منظور نظر خاطر تمھاری ہی
تمنا ہے دلی حضرت یہی ہردم ہماری ہی
جبھی نادم ہمین آتا نظر مشک تتاری ہی
لگا لعل بدخشانی کے دل پر زخم کاری ہی
ہوے آزاد غم سے ہم سپاس و شکر باری ہی
سنا ہی حکم خالق کا کہ وہ مردود ناری ہی

نمبر ۱۰۰	مے وحدت پلا کر مست کرلے اپنے طالب کو یہی کلمہ زبان پر یا خدا دن رات جاری ہی	شعر ۷

محفل مولد حضرت مین جو شامل ہونگے
نام حضرت کا زبان پر جو کبھی آوے گا
ہوگا نقصان نہ بدولت تمھین اس محفل کے
باغ جنت مین انھین آپ کرینگے شامل
گل رخسار مبارک کا جو ہو گا مذکور
مانع مجلس مولود جو ہونگے انسان

جیتے جی گلشن جنت مین وہ داخل ہونگے
سینہ مین صل علی خوان جگر و دل ہونگے
فائدے سیکڑون دارین مین حاصل ہونگے
لوگ جو محفل میلاد مین شامل ہونگے
سب کے دل غنچہ سہر اشکل عنادل ہونگے
حق تو یہ ہی کہ جہنم مین وہ داخل ہونگے

نمبر ۱۰۲	طالب شوق بر آئیگی تمنائے دلی عاصیو جب میرے مدینہ مین تہ گل ہونگے	شعر ۹

گلگشت مین جو نام احمد دہن سے نکلے
معراج کو فلک پر پہنچے نبی مرسل
ہر رسول یارب پہنچا دے تا مدینہ
کرتے ہین اہل محفل توصیف نور سرور

صل علی زبان برگ چمن سے نکلے
پڑھتے درود مرسل جو ہر دہن سے نکلے
پھر چاہیے روح اپنی قید بدن سے نکلے
نادم نہ شمع کیسے اس انجمن سے نکلے

…گر سن لے بعد مردن حضرت کی آمد
پا چومنے کی خاطر لاشہ کفن سے نکلے

…خوش ہو نصیب گر ہو ہر دم عشق ہمیں
یہ دل کبھی نہ اپنا رنج و محن سے نکلے

…سمجھے جو زلف اطہر شرمندہ ایسا ہووے
ہرگز نہ مشک نافہ یارو ہرن سے نکلے

…معراج کی ہیں شب میں گھیرے ہوئے فرشتے
یہ چاند یا الٰہی اب تو گہن سے نکلے

نمبر ۱۰۳

ایسا ہے عشق حضرت طالب کو یا الٰہی
جب سانس لے تو نام احمد دہن سے نکلے

شعر ۱۳

…کون حضرت کے سوا صاحب ایمان نکلے
سب کے سردار غرض سید ذیشان نکلے

…کلمہ پاک دم نزع زبان پر ہو رواں
جان بھی نکلے تو ہو کر کے مسلمان نکلے

…حشر میں پیش نبی جاؤں الٰہی جس دم
دہن شوق سے نعت شہ شاہان نکلے

…در فردوس پہ پہنچیں جو شہنشاہ امم
پیشوا آپکو نہ ممکن ہے کہ رضوان نکلے

…آپ کا پایا مبارک ہو ہماری آنکھیں
دل ناشاد و پر ارمان کا جب ارمان نکلے

…کھینچ دینا بخدا اسپہ شفاعت کی لکیر
حشر کو جبکہ مرا نامۂ عصیان نکلے

…ظلمت گور سے یوں نکلے نبی کی امت
چودھویں رات کو جیسے مہ تابان نکلے

…مصحف رخ کا تمہارے ہو وظیفہ ازبر
کوئی مجھ سا نہ کہیں حافظ قرآن نکلے

…قاب قوسین میں جا پہنچے جو حبیب ایزد
رتبہ معراج کا حاصل کئے خندان نکلے

…سرو و شمشاد ادھر جا کے کریں انکو سلام
قد حضرت کا جدھر ہو کے ثنا خوان نکلے

…دیکھ پا جو کبھی خواب میں حضرت کا جمال
بنکے سودائی وہیں یوسف کنعان نکلے

…فرقہ نجد سے یا رب تو بچانا ہمکو
لوگ اس فرقہ کے سب سیرت شیطان نکلے

نمبر ۱۰۴

ہے یہی طالب کی تمنا کہ مدینہ پہنچے
جان بھی نکلے تو جا کے مری جان نکلے

شعر ۹

…یا نبی خواب میں دیدار تمہارا ہووے
آنکھوں کو عالم رویا میں نظارا ہووے

…رخ پر نور میں ہے عکس خدا کا موجود
پیدا آئینہ کہاں ایسا مصفا ہووے

…فہم میں کس کے بھلا راز محمد آوے
حال حضرت تو خدا ہی کو ہویدا ہووے

صبح سے شام تلک ورد ترا نام کروں — یا نبی روز مرا یہی وظیفہ ہووے
چشم باطن مری بینا ہو یقین ہے بخدا — گر میسر تری رہ کا مجھے سرمہ ہووے
کچھ تو کمبختای کی تاثیر ہو مجھ پر حضرت — دور آنکھوں سے وہ بیکا مری پردا ہووے
کس کا دل زلف نبی پر نہین مائل بخدا — خام سودای ہے جسکو نہ یہہ سودا ہووے
پہنچوں جسوقت در روضہ والا کے قریب — آپکا نام مرے منہہ سے نکلتا ہووے

نمبر ۱۰۵	کاش ہو طالب دیدار کو حاصل دیدار اک نظر دیکھ لے اسکو بھی اشارا ہووے	شعر ۹

چشم حق بین ذرا دکھا دیجے — حق سے حضرت مجھے ملا دیجے
دین و دنیا کے ہو خضر ای شہ — رہبری کیجے رہ بتا دیجے
تشنہ لب جان بلب سسکتا ہے — جام کوثر اسے پلا دیجے
ہے حرارت فراق کی دل مین — یا نبی آگ یہہ بجھا دیجے
سر کے بل جاؤن مین مدینہ کو — اتنی طاقت مرے خدا دیجے
تن مردہ مین جان آجاے — لب معجز نما ہلا دیجے
آنکھ اٹھا کر نہ دیکھوں اور طرف — عاشق اپنا مجھے بنا دیجے
رہوں خوشحال دین و دنیا مین — میرے حضرت مجھے دعا دیجے

نمبر ۱۰۶	شکل بسمل تڑپتا ہے طالب یا محمد اسے شفا دیجے	شعر ۱۱

قرآن مین نازل آپ پر جا درود ہے — خالق نے دیکھو آپ پہ بھیجا درود ہے
پڑھتے رہو درود کو ہر وقت ہر گھڑی — خاص آپکے ہی واسطے آیا درود ہے
بخشش کا یہہ وسیلہ ہے دوزخ سے امن ہے — صدقہ مین آل پاک کے پایا درود ہے
ورد درود چاہئے ای عاصیو تمھین — حامی تمھارا اور وسیلہ درود ہے
مرنیکے بعد خلد مین وہ جائیگا ضرور — دیکھے حرم مین جسنے لبایا درود ہے
مرقد درود خوان کا نہ تاریک ہو کبھی — روشن ہو اسکی شمع کی آسا درود ہے

ا فردہ ہی کہ جسکو ہی اس گفتگو مین شک
تم الرسل پر آل پر اصحاب پاک پر
جس گھر مین ہو درود کا شاغل کوئی بشر
ئے نبی کا نام جو محفل کے درمیان

خلد برین کی راہ بتاتا درود ہی
پڑھنا ثواب اور بہت پہنچاتا درود ہی
آفات ناگہان سے بچاتا درود ہی
اسوقت سبکو چاہیے پڑھنا درود ہی

نمبر ١٠٧	ہین اور بھی درود کے قابل نبی رسل طالب نبی کے ساتھ مین زیبا درود ہی	شعر ٩

مجھکو ہی نعت رسول کریم کے نام سے
و حضرت مین ہو بیتاب جبکہ حضرت بلال
ش ایجاد مین پایا نہ پائیگا کوئی
ن لیا ہی جب سے ہو جاتی ہی رویت خواب مین
عت خالق ہوئی اور نہ آئی آپ کی
پ یا اور آپ حامی ہین ہمارے یا رسول
شغل نعت مصطفائی مین رہین ہر آن مین
یہ تمنا ہی کہ یا رب مصطفی کے واسطے

جان و دل شام و سحر ہین کامیاب اسکے نام سے
صبح ہوتے ہی چلے سوے مدینہ شام سے
خوشبو و خوشتر نافہ بڑھکر ہی گل اسلام سے
فرقت حضرت مین ہین ہو سو گیا تو شام سے
خلق مین بدتر نہ ہوگا کوئی مجھ ناکام سے
بھر خالق دو امان اس گردش ایام سے
کیا غرض کیا کام ہم کو ہیچ خاص و عام سے
دے رہائی نفس و ابلیس لعین کے دام سے

نمبر ١٠٨	طالب خستہ کی یہ ہی التجا ہی یا رسول عمر باقیماندہ گزرے میری نیک انجام سے	شعر ٩

ہونکی خلق آئی اس جلوہ گری نے
درخ سرور مین نہ خواب آنکھ مین آیا
ہتے تھے بلال اسطرح ہنگام زیارت
ش لیتے اللہ تعالے سے گنہ گار
ام آیا جنون ہجر عباے شہ زین کا
پہنچا ہی مرا اٹھ تو جان سوے مدینہ

خوش ہو کے پڑھا صل علی حور و پری نے
سونے نہ دیا رات کو سوز جگری نے
یہ شام دکھائی ہی دعاء سحری نے
کیا کام کیا بادشہ بحر و بری نے
پردہ نہ کیا فاش مرا پردہ دری نے
بیکس کو کیا ہند مین بے بال و پری نے

١٠٩	طالب رہے محروم مدینہ سے کیونکر	٩

۱۰۹	مجبور کیا ہی ہمین ہمیال و زری نے	۹

تمہارا روئے انور یاد آتا ہی جب یاد آتا ہی
دل بیتاب پہلو مین عجب صدمہ اٹھاتا ہی

گلستان مین اگر آتا ہی کوئی وصف قامت
تو اسکی پیشوائی کے لئے شمشاد جاتا ہی

دل پر مردہ ہوتا ہی شگفتہ شوق مین آکر
جو نعت احمدی پڑھکر کوئی مجھکو سناتا ہی

پلادے شربت دیدار جلدی ای مسیحا دم
کہ دنیا سے کوئی دم مین ترا بیمار جاتا ہی

ملی ہی خاک یثرب عاشقان چشم حضرتکو
بجائے سرمہ آنکھون مین ہر اک اپنی لگاتا ہی

اطاعت احمد مرسل کی طاعت کبریا کی ہی
محمد سے جو ملتا ہی خدا سے وصل پاتا ہی

حیات جاودانی ہوتی ہی اسکو مجھے حاصل
وہ ٹھکر قم باذن اللہ جب ٹھوکر لگاتا ہی

شہ مظلوم کی تشنہ لبی جب یاد آتی ہی
جو شربت کا کوئی کوزہ مجھے بھر کر پلاتا ہی

نمبر ۱۱۰	غزل طالب سناتا ہی جو تو اے شاہ حسین تجکو تو اک اک شعر ستر لکھا پھر صبا واہ	شعر ۵

مرجاؤن تری ابروئے خمدار کے آگے
ہون سرخرو اکدن اسی تلوار کے آگے

سکتہ سجدہ اعیسی و موسی کو ہوا ہی
کیا بات نکالین تری گفتار کے آگے

ہاتھ آئے کسی طور سے گر کوئی شئے ونان
ہون خاک نشین اس در دیوار کے آگے

ایسا کوئی مرسل نہ ہوا باغ جہان مین
بیرنگ ہین سب اس گل رخسار کے آگے

نمبر ۱۱۱	وہ چاہین تو آن مین طالب کو بلالین کچھ دور نہین احمد مختار کے آگے	شعر ۶

مین ہی محروم زیارت کا تمنا باقی
نہ رہا حوصلہ زوار کے دل کا باقی

خواب مین جلوہ دیدار نبی ہو یارب
دل مضطر کی ہی اب یہی تمنا باقی

شام مین کہتے تھے یون جا بطیبہ توکر
کیون بلال آپکا شیدا رہا جیتا باقی

اے در سرور کو کہان چھوڑ کے جائے عاشق
نہین جانیکا کوئی اور ٹھکانا باقی

ہند سے جلد مدینہ مین بلا لیجیے گا
دل کی حسرت نہ رہی دل مین بھی مولا باقی

کربلا کے شہدا زندہ جاوید ہو
وہ گئے سو رہ جنان غم رہا انکا باقی

نمبر ۱۱۲ — شعر ۱۳

دیکھا دنیا مین جو کچھ حق نے دکھایا ہمکو
ایک طالب ہے مدینہ کا نظارا باقی

محمد وقف سر جہان ہے / محمد کاشف راز نہان ہے
محمد رہنمائے انس و جان ہے / محمد پیشوائے مرسلان ہے
محمد باعث کون و مکان ہے / محمد خاتم پیغمبران ہے
رہے عزت و دم میزان الٰہی / گنا ہونگا مرے پلہ گران ہے
یہی کہتے تھے موسے اور عیسے / محمد افتخار مرسلان ہے
مسلمانو رسول حق کے باعث / تمہارا باغ جنت مین مکان ہے
جہان مین ذکر میلاد مبارک / نزول رحمت رب جہان ہے
نہین ثانی ہوا کوئی نہ ہوگا / محمد سرور ہر دو جہان ہے
خدا سے مرتبہ پایا ہے ایسا / لقب ان کا شفیع عاصیان ہے
گئے معراج کو جس طرح حضرت / یہی کفار کو وہم و گمان ہے
شب معراج یہ تھی راہ حضرت / جو پیدا آسمان پر کہکشان ہے
کرو دل سے اطاعت مصطفے کی / یہ فرمان خدائے دو جہان ہے

نمبر ۱۱۳ — شعر ۹

نہین کچھ پاس طالب زر و مال
تصدق ہونے کے لیے ناچیز جان ہے

اسم پاک اللہ کا کافی ہے شاغل کے لیے / ورد نام مصطفی مرغوب ہے دل کے لیے
ہستی موہوم کو یکلخت کرنا دل سے دور / کاملیت ہے بڑی دنیا مین کامل کے لیے
ہے تقاضائے جنون ہر دم مری رفتار کو / پاؤن دوڑین شوق سے یثرب کی منزل کے لیے
نزع مین مدفن مین روز حشر مین نام نبی / ہے مرا عقدہ کشا ایک ایک مشکل کے لیے
وقت میلاد شہ دین چاہیے ذکر درود / شغل کیا خوب ہے اہل محفل کے لیے
واہ رے فیض نبی خالی نہ پھیرا اسکو / کچھ نہ کچھ بھیجا در دولت سے سائل کے لیے
التیام زخم دل کیونکر نہ اس مرہم سے ہو / ہے دوا نام محمد نیم بسمل کے لیے

کیا سخاوت ہی علی مرتضی کی نزع مین ‏ ‏ ‏ ‏ جام شربت مرحمت فرمایا قاتل کے لیے

نمبر ۱۱۴

نعت گوئی کا ہو طالب موت ہی سر پر کھڑی
ہی فقط کافی اشارہ و عاقل کے لیے

شعر ۹

جان و دل بیتاب ہین دیدار حضرت کے لیے ‏ ‏ ‏ ‏ راتدن مشتاق انکھین ہین زیارت کے لیے
انکو بھیجا ہی دنیا مین شفاعت کے لیے ‏ ‏ ‏ ‏ فکر و غم کیون ہو گنہگاران امت کے لیے
حق سے آیا یون شب معراج حضرت کو پیام ‏ ‏ ‏ ‏ جی ہمارا چاہتا ہی آج وصلت کے لیے
اے حبیب جناب ص جلد آؤ کہ عرش و لامکان تک ‏ ‏ ‏ ‏ سب کے سب مشتاق ہین تیری زیارت کے لیے
پہنچے گر دونیر سواری حبیب شب معراج کو ‏ ‏ ق ‏ ‏ جملہ مرسل دوڑے استقبال حضرت کے لیے
اور کیا تعظیم سب نے کہ اے شاہ امم ‏ ‏ ‏ ‏ ہمکو خالق نے کیا ہی خلق خدمت کے لیے
لکھ کے قم قم یا حبیبی رفو جبرئیل مین آئے ‏ ‏ ‏ ‏ انکو جھولا جھلاتے اپنی حرمت کے لیے
اللہ اللہ کیا غمی تھا سرور عالم کا دل ‏ ‏ ‏ ‏ مطلقاً خواہش نہ کی دنیا مین دولت کے لیے

نمبر ۱۱۵

خاک پاک طیبہ کا طالب ہی طالب یا رسول
اسکو بھی تھوڑی زمین ملجائے تربت کے لیے

شعر ۷

شکل کیا محبوب حق کی ہی نظر کے سامنے ‏ ‏ ‏ ‏ جلوہ نور خدا ہی چشم تر کے سامنے
اللہ اللہ کیا ضیا دندان شاہ دین بھی تھی ‏ ‏ ‏ ‏ در ہوئے بیتاب اس سالک گہر کے سامنے
اسکو دوزخ سے بچا لیگی شفاعت آپکی ‏ ‏ ‏ ‏ جائیگا جو حشر مین خیر البشر کے سامنے
انکے اعجاز سے فوراً دو بارہ ہو گیا ‏ ‏ ‏ ‏ جبکہ انگشت شہادت کی قمر کے سامنے
گر گئی سوئی جو اکدن عائشہ کے ہاتھ سے ‏ ‏ ق ‏ ‏ راکھو دندان شاہ بحر و بر کے سامنے
روشنی سے نور دندان کے سوئی ہاتھ آ گئی ‏ ‏ ‏ ‏ پھر ہوا اعجاز ہر اہل بصر کے سامنے

نمبر ۱۱۶

آرزو ہین سب تری اسوقت مین بر آئیگی
جائیگا جسوقت طالب شہ کے در کے سامنے

شعر ۱۰

مخمسات

حمد بر غزل قدسی علیہ الرحمۃ

۱
ہمکو اللہ نے بخشی ہے وہ عالی نسبی
عرض فرمائینگے یوں وقت شفاعت طلبی
سختی معرکہ حشر میں جلتے ہیں نبی
مرحبا سید مکی مدنی العربی
دل و جان باد فدایت کہ عجب خوش لقبی

۲
مدح خوان زور بخشیں ہیں ترے آدم
نہیں طاقت کہ کروں تیرا سراپا میں رقم
کھائی ہے خالق اکبر نے ترے رو کی قسم
من بیدل بجمال تو عجب حیرانم
اللہ اللہ چہ جمال ست بدین بوالعجبی

۳
مرتبہ تیرا خدا نے یہ کیا ہے بالا
جز خدا مثل نہیں تیرا زمانہ میں شہا
کہ ترا وصف ہے قرآن میں ہر جا لکھا
نسبتے نیست بذات تو بنی آدم را
برتر از عالم و آدم تو چہ عالی نسبی

۴
زندگانی کا سبب مردوں کو تیرا ہی کلام
تیرے اعجاز نے واللہ کیا ہے کیا کام
خود مقر تیری رسالت کا ہے آفاق تمام
نخل بستان مدینہ ز تو سر سبز مدام
زان شدہ شہرۂ آفاق بشیریں رطبی

۵
گرچہ ظاہر میں ترا نام ہے امی مشہور
کس قدر تیری رعایت ہے خدا کو منظور
لیکہ باطن میں ہر اک علم ہے تجھکو عبور
ذات پاک تو کہ در ملک عرب کرد ظہور
زان سبب آمدہ قرآن بزبان عربی

۶
شب اسری کا سفر ایک تھا ادنیٰ گلگشت
صدقہ گردوں نے در رحمت پہ سپہر کر طشت
دم میں طے کر گیا واللہ براق اک اک دشت
شب معراج عروج تو ز افلاک گزشت
بمقامیکہ رسیدی نرسد ہیچ نبی

۷
جز خدا کون ترے مرتبہ سے ہے محرم
مہر سے اپنی اسے عفو کر اے شاہ امم
ہوئی سرزد جو خطا مجھکو بہت اسکا ہے غم
نسبتے خود بسگت کردم و بس منفعلم
زانکہ نسبت بسگت کردم و شد بے ادبی

۸
گرمی دکھلائیگا جب نیر روز محشر
عرض خدمت میں یہ میں بھی کرونگا برگر
اور وا ہووینگا نیکی و بدی کا دفتر
چشم رحمت بکشا سوئے من انداز نظر

ای قریشی لقبی ہاشمی و مطلبی

۹
گرمی خورشید قیامت کی جو کھوئیگی ثبات — سوکھیگا پیاس کی شدت سے لب مخلوقات
روکے سب ساقیٔ کوثر سے کہینگے ہیہات — ہا ہمہ تشنہ لبانیم توی آب حیات
لطف فرما کہ ز حد میگذرد تشنہ لبی

۱۰
درد عصیان کی ہے بھی تو ہی بیماری بڑی — چشم کس طور سے رکھے نہ شفا بخشی کی
طالب شربت دیدار کی دیکھا دے کبھی — سیدی انت حبیبی و طبیب قلبی
آمدہ سوے تو قدسی پے درمان طلبی

تخمیسہ بر غزل خود

۱
دلیل کعبۂ مقصود کے بھی رہنما ٹھہرے — بزرگی میں اسی باعث سے وہ سب سے سوا ٹھہرے
خدا کے دوست وہ ٹھہرے حبیب کبریا ٹھہرے — خدا کے بعد رتبہ میں محمد مصطفے ٹھہرے
نزول وحی قرآن مورد لطف خدا ٹھہرے

۲
دیا ایسا خدا نے آپکو رتبہ بزرگی کا — بیان مجھ سے کسی صورت نہیں ہوتا بزرگی کا
جناب حق سے ایسا پایا ہی درجہ بزرگی کا — بیان ہو کس زبان سے انکا پایا بزرگی کا
مراتب میں سبھی سے ہو کہ محبوب خدا ٹھہرے

۳
کیا محسود جن و انس حاسد کی عزت کو خالق نے — بڑھایا آپکی حشمت کو او عزت کو خالق نے
کیا افضل سبھی سے آپکی رفعت کو خالق نے — بیان ہو کس زبان سے امت خیر کو خالق نے
کہ انسان آپکی امت کے اکثر اولیا ٹھہرے

۴
زمین و آسمان جن و بشر پیدا کیے حق نے — اسیکے نور پر جن و بشر شیدا کیے حق نے
نبی کے واسطے ہر دو سرا پیدا کیے حق نے — ولی لاکھوں ہزاروں انبیا پیدا کیے حق نے
مگر حضرت ہمارے سب کے ختم الانبیا ٹھہرے

۵
دو عالم میں کہو تو چاند کی بھی کیسی صورت ہے — دو بالا آسمان سے بھی کسکی رفعت کسکی عزت ہے
کہو کلمہ کہ آتے ہیں کس سے حاصل دنیا و دولت ہے — تباہ ہو تو کرے کسکی شفاعت پر مجھ نعمت ہے
مگر مصطفے نام خدا صل علی ٹھہرے

۶

ترے باعث جہان سے رنج و تعب دو نو عالم میں
کسے معلوم اور دریا ہے کب سے دو عالم میں

مفخر خوبی حسب و نسب سے دو نو عالم میں
ہوئے ایجاد تھی کے سبب سے دو نو عالم میں

بنا ہے دین و دنیا کے رسول حق نما ہو کر

۷

اگر پیدا نہ ہوتے آپ پیغمبر کچھ بھی نہ تھا ممکن
پڑھیں ہیں آپ کا کلمہ ہزاروں زاہد و مومن

نہ ہوتا چاند اور سورج نہ ہوتے رات اور پھر دن
ہویدا نور حضرت ہے بلا شک ظاہر و باطن

کہ اول اور آخر میں وہی نور الہدیٰ ہو کر

۸

کیا نام خدا تو نے تمہیں سردار عالم کا
خدا شنوا ہے جس حالت میں ہم عذر خواہ ہونگے

بنایا ایک رہبر خضر گمکردہ راہوں کا
فقط مسکو ہمیں کیا خوف ہے آپ گناہوں کا

شفاعت کے لیے تم شافع روز جزا ہو کر

۹

رسائی ہو مری یارب کہیں دربار حضرت تک
رسائی اکی برکت سے ہو طالب کی جنت تک

پہنچ جائے کہیں سرگشتہ پھر درگاہ و دولت تک
تلاشی کو احمد میں ہوں پھر تا بس قیامت تک

طلب میں اس کی بیطالب کبھی اپنا نہ پا ہو کر

۱۱۸ ترجیع بند

۱

اٹھا ہے شوق دل میں خاطر مضطر ترستی ہے
کوئی کہتا ہے سودا ہے کوئی کہتا ہے مستی ہے

بلندی ایک سی نظروں میں ہے اور پستی ہے
مجھے نہ ہستی کا دھیان ہے نہ فکر ہستی ہے

دکھاوے یا الٰہی وہ مدینہ کیسی بستی ہے
کہ جس پر رات دن مولے تری رحمت برستی ہے

۲

بر آئے مدعا میں بعد مدت کے ابھی سب کے
زیادہ اور کچھ امید لیکن ہم نہیں رکھتے

مگر ہم اپنے مطلب کو نہیں پہنچے ہیں ابتک بھی
جو نکلے آہ بھی تو آہ کے ہمراہ پھر نکلے

دکھاوے یا الٰہی وہ مدینہ کیسی بستی ہے
کہ جس پر رات دن مولے تری رحمت برستی ہے

۳

تڑپتا ہے دل مضطر بیے دیدار ہے سر پر
بڑا ہے داغ جو دل پر دکھاوے کس طرح مضطر

قرار آتا نہیں ہرگز ہے اس سے کلمہ الدم ہر دم
دعا مقبول ہو میری تو اس سے اور کیا بہتر

دکھا دے یا الٰہی وہ مدینہ کیسی بستی ہے
کہ جس پر رات دن مولیٰ تری رحمت برستی ہے

تمنا اگر مدینے ہے ہو پھر میرے دل و جان کی
ارے دکھلا دے آنکھوں کو ہماروں خاک یثرب کی
۴
اڑا دوں دھجیاں سو دو میں داماں و گریباں کی
لگی امید ہے اب خاطر مضطر پریشاں کی

دکھا دے یا الٰہی وہ مدینہ کیسی بستی ہے
کہ جس پر رات دن مولیٰ تری رحمت برستی ہے

[illegible] نعمت
[illegible] مطلوب [illegible]
۵
مزا ہو زندگانی کا مجھے حاصل ہو نعمت
کسی باعث کسی صورت کسی صورت

دکھا دے یا الٰہی وہ مدینہ کیسی بستی ہے
کہ جس پر رات دن مولیٰ تری رحمت برستی ہے

کہوں کیا اندنوں فرق زیارت مجکو رہتی ہے
نہ مشغلہ کی ہے کچھ مہنت نہ کچھ طاقت تو سا ہے
۶
اسی کی رات دن مجکو ہمیشہ کوشش و کد ہے
الٰہی کام ہی مجھ کو یہی ہر دم زبان زد ہے

دکھا دے یا الٰہی وہ مدینہ کیسی بستی ہے
کہ جس پر رات دن مولیٰ تری رحمت برستی ہے

کہوں کس [illegible] احوال [illegible] اندنوں تنہا
غم و اندوہ کے باعث [illegible] رووں دریا
۷
کہ فرقت کے سبب دشوار مجکو ہو گیا جینا
مری بیت الحزن میں بیٹھ کر [illegible] کر دینا

دکھا دے یا الٰہی وہ مدینہ کیسی بستی ہے
کہ جس پر رات دن مولیٰ تری رحمت برستی ہے

نمبر ۸ — نمبر ۱۱۹

منقبت حضرت امیر المومنین سیدنا و مولانا ابوبکر صدیق رضہ

امام العارفین صدیق اکبر
بھلا رتبہ بیاں ہو کس سے انکا
رفیق و یار غار مصطفیٰ ہو
سے تا زندگی ثابت قدم وہ

سراج السالکین صدیق اکبر
نبی کے جانشین صدیق اکبر
کوئی تم سا نہیں صدیق اکبر
امام المتقین صدیق اکبر

خطاب انکو جناب حق سے آیا	ہیں میر جان انمیں صدیق اکبر
رہے حضرت کے دائم زیر فرمان	امام المتقین [illegible]
نبی کے چار ہیں اصحاب برحق	ہیں سب [illegible]

نمبر ۱۲۰ رہے طالب نبی کے [illegible]
سر رہے زین [illegible]

منقبت حضرت امیر المومنین [illegible]

جہان کے پیشوا فاروق عادل	عجب [illegible]
بنایا تمکو حضرت نے خلیفہ	عجب [illegible]
عدالت ایسی کسنے کی جہاں میں	تمہارا [illegible] فاروق عادل
زیادہ ہیں بیان سے آپکے وصف	کہوں [illegible]
خدای پاک نے الله اکبر	لقب [illegible] فاروق
سخاوت میں تمھاری مثل کوئی	ہو [illegible]

نمبر ۱۲۱ جو چاہو قرب تم طالب نبی سے
کہو صبح و مسا فاروق عادل

منقبت حضرت جامع الفرقان امیر المومنین عثمان [illegible]

میرے مختار حضرت عثمان	دین کے سرور حضرت عثمان
کسکو یارا ہے انکی مدحت کا	کس کے ہیں یار حضرت عثمان
فوج دین نبی کی پشت و پناہ	یعنی سالار حضرت عثمان
ہیں غنی دل کے اور غنی ہی لقب	آپکے یار حضرت عثمان
خوب قرآن کے جمع کر دئیے	ہیں حیادار حضرت عثمان
رہے ہمدم رسول کے ہر دم	یار غمخوار حضرت عثمان

نمبر ۱۲۲ ہر گھڑی ہر زمان ترے طالب
ہیں مددگار حضرت عثمان
شعر ۱۱

منقبت حضرت امیر المومنین امام الاجمعین سیدنا مولانا علی رض

مشکل کشا جہان کے ہین آپ یا علے ۔ مشکل مری بھی حل کرو مشکل کشا علے
ہین ہم ہین غلام آپ کی درگاہ کا علے ۔ لیتا ہون نام آپ کا صبح و مسا علے
سائل تمھارے در سے تہی دست کب پھرا ۔ جو مانگا جسنے آپ سے وہ ہی لیا علے
تم نائب رسول علیہ السلام ہو ۔ جان و دل نبی مکرم ہو یا علے
خیبر کشا ہوا اور ہو شیر خدا ہی پاک ۔ شہ زور ایسا کون ہوا تم سوا علے
ہیبت سے کانپ جاتے ہین ارض و سما تمام ۔ للکار کر زبان سے جو کہتا ہون یا علے
حملہ کیا جو کوہ پہ پھیکا اکھاڑ کر ۔ رہتا تری مدد پہ ہے بیشک خدا علے
آیا خصوص شان مین تیری ہی ہل اتی ۔ قران مین تیری لکھی ہی مدح و ثنا علے
دامان دل کو گوہر مقصد سے بھر دیا ۔ جسکی طرف کو تمنے اشارہ کیا علے
خالق کا نور شان مین سبکی ہی جلوہ گر ۔ ہین ہیچ تن سے آپ نہین کچھ جدا علے

شعر ۱۱	طالب ہے اپنے ہی دل سے غلام حسن حسین حسنین کے طفیل مین مشکل کشا علے	نمبر ۱۲۳

در شان سید الشہدا حضرت امام حسنین علیہما السلام رضی اللہ عنہما

مجرئی رفو غم شاہ زمن اپ کھینچا ۔ غم شبیر کا غل خلق مین ہر جا کھینچا
حر سے شہ دین کی نہ خدمتمین اکیلا کھینچا ۔ بھائی اور بیٹا غلام اسکا وہین جا کھینچا
خشک لب دیکھ کے اکبر کے کہا تھی ۔ بدلے پانیکے تجھے زخم دہن کا کھینچا
بوند پانیکی نہ اکبر کو ملی ہائے غضب ۔ حلق مین تیر چھیدا خلد کو پیاسا کھینچا
رو کے زینب سے شہ دین بھی فرماتے تھے ۔ سخت ظالم ہین گود کا پالا کھینچا
لاش بھائی کی جو دیکھی تو کہا رو رو کے ۔ تن نازک کو نہ اس شمر نے ایذا کھینچا
رنج پر رنج ملا عابد بیمار کو ہائے ۔ داغ تکلیف دل خستہ کو کیا کیا کھینچا
شاہ کے ہاتھو نپہ اصغر نے دیا دم ہی ہی ۔ سوئے خلد آہ تڑپتا ہوا جسم کھینچا
ہائے عباس دلاور ہوا دریا پہ شہید ۔ مشک تیرون سے چھدی خلد کو پیاسا کھینچا

نامہ بر کے یہی کہتی تھی وطن میں صغری — حال بیماری کا بابا کو خدارا لکھنا

نمبر ۱۲۴ — ساری امیدیں بر آئیں بخدا ہے طالب / واہ ان شاہ ملک نے جو تھا کر دکھایا — شعر ۱۱

سلامی جبکہ سفر شاہ کربلا نے کیا — کمال رنج و الم روح مصطفیٰ نے کیا

ملا حسین کے لشکر میں جبکہ خیمہ اگر — مقام خلد میں گھر اسکا پھر خدا نے کیا

گئے جو پانی کے لینے کو حضرت عباس — نشانہ مشک کو تیروں سے پر جفا نے کیا

سکینہ کہنے لگی نالہ و بکا کر کے — بڑا ہی ظلم و ستم فوج اشقیا نے کیا

دیا نہ پانی کا قطرہ بھی ہائے اصغر کو — نشانہ زخم غضب شمر بے حیا نے کیا

روائیں چھین لیں سب اہلبیت عصمت کی — کسی کا شکوہ نہیں ہے رضی خدا نے کیا

بھتیجے بھانجے بھائی شہید جبکہ ہوئے — ارادہ جنگ کا پھر شاہ کربلا نے کیا

بلا کے زینب و کلثوم کو کہا شہ نے — طلب حسین کو ہے دم بدم خدا نے کیا

کبھی نہ پیش کسی کی مشیت حق سے — اثر کسی کی نہ ہرگز غرض دعا نے کیا

مگر حسین نے جب دم مقابلہ پہ کسی — سلام روبرو جھک کر دیکھا نے کیا

نمبر ۱۲۵ — غم حسین میں رونا ضرور ہے طالب / یہ مغفرت کا وسیلہ مرے خدا نے کیا — شعر ۱۱

سلامی شاہ کی تقدیر دیکھو — ہوئی ہے تو آئینہ تصویر دیکھو

گلو ہے تشنہ تیغ شبیر دیکھو — اور اس پر ضربت شمشیر دیکھو

بنایا آپ کو حضرت نے مرکب — امام پاک کی توقیر دیکھو

غضب ہے ہو جو احمد کا نواسہ — کریں پھر قتل اسے بے پیر دیکھو

مع فرزند اگر حر ہوا حشر — ملی فردوس کی جاگیر دیکھو

ہوئے قاسم جوان جب کربلا میں — کھا گئی انکے تقدیر دیکھو

شمول قافلہ شہ میں تھا جو کوئی — رہا زندہ نہ وہ بے پیر دیکھو

جو کہلاتی ہوں بیٹی فاطمہ کی — کریں بے پیر انہیں تشہیر دیکھو

کہا زینب نے بھائی سے یہ رو کر
ہوئے جب پیاس سے بیتاب اکبر

شہید اصغر ہوئے بے شیر دیکھو
پکارے اے مرے شبیر دیکھو

نمبر ۱۲۶	یہ ہے طالب تمہارا دل سے طالب نگاہ لطف سے شبیر دیکھو	شعر ۱۳

مجرا کرے سلامی تو سرور کے سامنے
عنبر اٹھا رو واسطے تڑپے ہے قاصدا
تنہا گئے ہو چھوڑ کے جسد سے تم مجھے
سیدھے طرف سے قاصد اکبر سے پہلے پوچھے
حسین نے کہا کہ آپ ملینگے کہاں مجھے
رو کر کہا پدر سے سکینہ نے اس طرح
کیسا ستم یہ آل پیمبر پہ ہوگیا
کیونکر یہ حال سنکے نہ ہو چشم اشکبار
شہ کو شہید کر دیا ظالم نے بیخطا
ایسا بھی ظلم آج تلک ہے کہیں سنا
زینب کھڑی یہ کہتی تھیں ہو کر بیحال
بانو سے رنج اصغر و اکبر کا پوچھیے

شبیر کے حضور میں شمر کے سامنے
اصغر کو کہنا سامنے اکبر کے سامنے
بیٹھی ہوں گھر میں پھر کے نظر در کے سامنے
کیجیو بیان حال پھر اکبر کے سامنے
شہ نے کہا کہ شافع محشر کے سامنے
خیمہ سے تم نہ جاؤ ستمگر کے سامنے
بچے شہید ہو گئے سرور کے سامنے
تنہا کھڑے حسین تھے لشکر کے سامنے
تڑپا کئے زمین پہ خواہر کے سامنے
پانی نہیں نہ پائے برادر کے سامنے
یہ سب کہوں گی داور محشر کے سامنے
بیٹے شہید ہوگئے مادر کے سامنے

نمبر ۱۲۷	رہیگا طالب آج جو حضرت کی پیاس پر سیراب ہوگا ساقی کوثر کے سامنے	شعر ۱۹

پھرتی شام میں جب سبط پیمبر آئے
نہر پر گھیری جب شہ کے برادر آئے
حملہ آور ہو اسد اللہ کا یوں تھا فرزند
شمر کہتا تھا یہ لشکر میں بصد آہ و فغان
مارے ہیبت کے لئے بھاگ گئے سارے جدا

شمر بولا کہ مدینہ سے کے دلاور آئے
شور دریا سے اٹھا ساقی کوثر آئے
شیر سے بازوں میں جس طرح کہیں در آئے
ڈر ہو مجھکو نہ کہیں سامنے حیدر آئے
تیغ جب لیکے شہ دین کے برادر آئے

قبضۂ تیغ تھا شاہ قبضۂ فوج کین سے
لیکے تلوار جو عباس دلاور آئے

دیکھ کر شاہ کو گھبرا کے پکارے اعدا
میان سے تیغ نہ باہر کہین دم بھر آئے

تھی یہ افواج ستمگار سے آواز بلند
ہو خبردار خبردار کہ اکبر آئے

کشتون کے پشتے لگے جرات اکبر دیکھو
کر دیا انکو برابر جو برابر آئے

واہ ری واہ شجاعت کہ بس اک دم بھر مین
سیکڑون کاٹ کے سر سبط پیمبر آئے

فاطمہ صغری بیچاری بھی تھی وطن مین بیچاری
کوئی بابا کو مرے جا کے خبر کر آئے

شوق دیدار مین زینب یہ پکارا کرتی تھی
ہائے خیمہ مین ابھی تک نہ برادر آئے

شاہ کہتے تھے یہ دلمین کہ سکینہ پیاسی
ایسا ہو وے نہ کہین خیمہ سے باہر آئے

وقت رخصت شہ مظلوم نے زینب سے کہا
آف نہ کرنا جو کوئی چھیننے چادر آئے

منہ چشم سے نادان نے بہائے آنسو
یاد جب اپنے سکینہ کو وہ گوہر آئے

بولے یون اہل حرم پردہ مین چھپ کے کہین
یا الٰہی کوئی خیمہ کے نہ اندر آئے

بس قمر سینہ مین تھا شعلہ لہکتے کینہ
سیکڑون شاہ پہ برسانے کو پتھر آئے

نور ہی نور ہر اک سمت نظر آتا تھا
شام مین صبح کو جب عابد مضطر آئے

نمبر ۱۲۸	گر شرط مالک مجھے خدا زائر قبر حسنین آرزو اسکی ہے کس طرح اب بر آئے	شعر نمبر ۱۹

منقبت حضرت غوث الصمدانی محبوب سبحانی شیخ سید محی الدین عبد القادر جیلانی

شہ محبوب سبحانی محی الدین جیلانی
رموز فخر انسانی محی الدین جیلانی

حسن کے لاڈلے جانی محی الدین جیلانی
حسینی نور نہانی محی الدین جیلانی

محیط بحر یزدانی معلے غوث سبحانی
نبی سیرت علی ثانی محی الدین جیلانی

شہ شاہان سبحانی شہ مقبول یزدانی
مرتبہ مین ہو لاثانی محی الدین جیلانی

کلام حسن لاثانی دل سبطین حسینی
متقین تفسیر قرآنی محی الدین جیلانی

جلی ہین جیسے ہو نیر نبی ہین مقتدا جسکے
تو ہی ہے شیر یزدانی محی الدین جیلانی

غریق بحر عرفانی محیط بحر ربانی
کراماتون مین لاثانی محی الدین جیلانی

تمھارا جسم نورانی تمھارا حسن لاثانی
ہوا تم سا نہ ہو ثانی محی الدین جیلانی

طبیب غیب دان تم ہو رفیق بیکسان تم ہو
کرم تم سا ہے بہمانی محی الدین جیلانی

تمھارا نام جو لیوے مراد اپنی وہیں پاوے
پکارے جو باسانی محی الدین جیلانی

گل گلزار احمد ہو بہار عشق سرمد ہو
علی کے ماہ تابانی محی الدین جیلانی

حسب میں تم ہو لاثانی نسب میں دُرّ حسنی
مہ اوج سلیمانی محی الدین جیلانی

ہمارے پیشوا تم ہو ہمارے رہنما تم ہو
جہان کے مقتدا جانی محی الدین جیلانی

بباطن نور یزدانی بظاہر شکل انسانی
بصورت مجتبےٰ ثانی محی الدین جیلانی

مہ و خور دیکھ لیں جس دم وہیں مسجود ہو جاویں
پکارا تھیں کہ صمدانی محی الدین جیلانی

امیر الاعظم الثانی وزیر شاہ شاہانی
حبیب خاص یزدانی محی الدین جیلانی

شہ سلطان گیلانی تمھارا نہیں کوئی ثانی
حقیقت نور سبحانی محی الدین جیلانی

ضیا بخش مسلمانی فروغ دین ایمانی
خطا پوش مریدانی محی الدین جیلانی

نمبر ۲۹ ۱	دل و جان سے ہے طالب تمھارے فیض کا تابا اودھر ہو فیض روحانی محی الدین جیلانی	شعر ۱۱

لے ہیں جو صدق نیت سے اگر گیارھوین
کر رہی ہو آنکھو مکانون کو منور گیارھوین

گیارھوین کی فاتحہ دیگا جو دل سے اہل دین
سرخرو کر دیگی آنکھو روز محشر گیارھوین

بارھوین جس طرح ہو خوشی پیران پیر
مصطفےٰ نے آنکی خاطر کی مقرر گیارھوین

حق تعالیٰ نے تمنا دل کی ہو [illegible] مری
شوق سے بارھوین مہینے میں کرین گی [illegible] گیارھوین

پاتے ہیں [illegible] سب [illegible]
پاک دل سے کرتے ہیں مومن جو اکثر گیارھوین

کیا بیان اہل خرد اہل فاتحہ کا ثواب ہے
حشر میں دلوائیگی یہہ جام کوثر گیارھوین

یہہ کرامت ہے جہان میں آپکی مشہور تر
شوق سے کرتے ہیں محتاج و تونگر گیارھوین

کیون نہ حق حاجت روا آپکی کرے گیارھوین
کرتا ہے جو اہل ایمان اپنے گھر گیارھوین

غوث اعظم کی جو دل سے فاتحہ دلوائیگا
حشر کے دن آنکو دکھلائیگی جوہر گیارھوین

گیارھوین کی ہے فضیلت کا بیان [illegible]
شوق سے کرتے ہیں اہل اللہ اکثر گیارھوین

نمبر ۱۲۹	طالب خستہ کی ہو تم سے نصیحت دو سنو ہو تمھارے حق میں اچھے بہتر سے بہتر سمجھا ہوں میں	شعر ۹

در مدح حضرت سید خواجہ معین الدین حسن سنجری چشتی بہشتی اجمیری قدس سرہ

ہمارے پیشوا خواجہ معین الدین چشتی ہیں	ہمارے رہنما خواجہ معین الدین چشتی ہیں
رسول اللہ کی اولاد میں ہیں وہ ولی حق	جہاں کے بادشا خواجہ معین الدین چشتی ہیں
شریعت معرفت کے اور حقیقت کے طریقت کے	ہیں عالم کے غوث سند خواجہ معین الدین چشتی ہیں
حسب میں ہیں وہ لاثانی نسب میں ہیں حسینی	علی کے دلربا خواجہ معین الدین چشتی ہیں
شفا حاصل زمانہ کو مزار پاک سے ان کے	مریضوں کی دوا خواجہ معین الدین چشتی ہیں
ہر اک چھوٹا بڑا کہتا ہے انکو شاہ ہندستان	ولی ہند کیا خواجہ معین الدین چشتی ہیں
کیا ہندوستاں میں فتح شمشیر کرامت سے	شجاع باصفا خواجہ معین الدین چشتی ہیں
زباں لاؤں کہاں سے جو کروں توصیف انکی میں	پے مدح و ثنا خواجہ معین الدین چشتی ہیں

نمبر ۱۳۰	خدا کو پائیگا طالب سفر عشق سے انکے سفر رہ نما خواجہ معین الدین چشتی ہیں	شعر ۱۵

در مدح حضرت پیر و مرشد سید نذیر احمد عرف محبوب علی حسین شاہ صاحب بریلوی

مرشد کاملین نذیر احمد	رہبر عارفین نذیر احمد
حق کے محبوب کے ہیں وہ محبوب	رہ نما سالکین نذیر احمد
عرف محبوب با علی و حسین	شاہ روے زمین نذیر احمد
قادری نقشبندی و چشتی	بے بدل ہیں ہمیں نذیر احمد
سہروردی قلندری بھی ہیں	کیوں نہو دیں ہیں نذیر احمد
خاندان مداری بھی ہیں وہ	اور اویسی گزین نذیر احمد
ہیں خلیفہ نداق صاحب کے	خاص ہیں جانشین نذیر احمد
نور عرفان کا جن سے روشن ہے	ایسے ہیں مہ جبین نذیر احمد
کن سے وقت میں وہ ولی اللہ	مسالک شرع و دین نذیر احمد

فیض جاری ہے سدا اُنکا
آبر کو سبکو اُن سے حاصل ہے
مست جام شراب وحدت ہیں
مال و اولاد ہو مرید اُن کی
سلسلے اُن سے مجھ کو پہنچے ہیں

مرجع صادقین نذیر احمد
فخر اہل زمین نذیر احمد
اسمیں کچھ شک نہیں نذیر احمد
سب سے ہوں بہترین نذیر احمد
خوب ہیں واقفین نذیر احمد

نمبر ۱۳۱	راہ حق کی بتاؤ طالب کو رہ نما ہو متقین نذیر احمد	شعر ۱۳

مناجات

یا الٰہی مضطرب ہوں مصطفےٰ کیواسطے
یا الٰہی تیرا بندہ ہوں کرم کر فضل کر
یا الٰہی حب احمد ہو مرے دلمیں مدام
یا الٰہی شان ستاری قیامت میں دکھا
یا الٰہی دمبدم بھیجوں پیمبر پر سلام
یا الٰہی دائما اپنے کرم سے رحم سے
یا الٰہی فکر و غم دنیا کا دل سے دور ہو
یا الٰہی حشر میں دامان شہ ہو ہاتھ میں
یا الٰہی غوث اعظم ہیں جو سب غوثوں کے غوث
یا الٰہی ہند کے ہیں بادشہ خواجہ ولی
یا الٰہی مرشد کامل کی ہو مجھ پر نظر

شام سے ہوں منتظر بدر الدجےٰ کیواسطے
واسطے اصحاب کے خیر الوریٰ کیواسطے
پھر سبطین نبی آل عبا کیواسطے
ہو نہ مجھ پر دوری خیر النسا کیواسطے
ہو زبان عاصی کی ہی صل علےٰ کیواسطے
سہل کر مشکل مری مشکل کشا کیواسطے
اہل بیت مصطفےٰ صاحب حیا کیواسطے
پھر حسنین و علی مرتضےٰ کیواسطے
ہوں مجھے عزت عطا اس پیشوا کیواسطے
خیر و برکت دے مجھے اس پارسا کیواسطے
صاف ہو باطن مرا اس رہنما کیواسطے

نمبر ۱۳۲	یا الٰہی دائما طالب کی ہو تجھ سے دعا خوش رہیں احباب میرے مصطفےٰ کیواسطے	شعر چند

تاریخات سرزدہ فکر احباب سخن سنج

قطعۂ تاریخ مصنف دیوان ہذا شاگرد حضرت خلیفہ احسن و خضر خواہان بریوی

۱	طفیل جناب حبیب خدا مجھے سال تاریخ کا دھیان تھا صفات شفیع الامم میں لکھا	۱۳۰۰ھ	بفضل خداوند پاک اندنوں ہوا چھپ کے تیار دیوان جب کہا دل نے طالب رہے ادب

قطعۂ تاریخ اول طبع طبعزاد جناب سید قاسم علیصاحب خواہان بریلوی

۲	ہر اک مدتوں جسکا طالب رہا زہے دفتر نعت سید چھپا	۱۳۰۰ھ	وہی آج دیوان طالب چھپا کیا سال خواہاں نے دریافت جب

تاریخ طبع اول جناب حافظ علی احمد صاحب سوزان شاگرد حضرت خواہان

۳	ہوئی سوزان کو فکر سال غائب بہت عمدہ چھپا دیوان طالب	۱۳۰۰ھ	سنی شہرت جو اس دیوان نو کی صدا ہاتف سے یہ آئی مکرر

تاریخ طبع اول جناب شبیر حسین صاحب مذاقی بدایونی دانا شاگرد نایب

۴	طالب خوش بیان نے کیا نعت لکھے گلشن نعت شہ عجب ۱۳۰۰ کہیے	۱۳۰۰ھ	نعت خیر الوریٰ میں یہ اشعار سال تاریخ کے لیے دانا

تاریخ طبع اول جناب حافظ ظہیر احمد صاحب ظہیر مذاقی سہسوانی شاگرد دانا

۵	در مدیح نبی الانس و جان ہر مسلمان نمود حرز جان اے ظہیری ظہور امن و امان	۱۳۰۰ھ	طالب مدح خوان مصطفوی جمع کردہ کلام خود یکجا کلک من زد رقم پے تاریخ

تاریخ طبع اول جناب سید علی حسین صاحب لکھنوی راقم شاگرد امجد مدظلہ

۶ ۲۰	کہ شعری تک ہو جسکی عام شہرت	۱۳۰۰ھ	عجب دیوان طالب کے ہیں اشعار
۲۰۰	رعائت ہو متانت ہو لطافت		عجائب قافیے عمدہ ردیفیں
۸۰۰	ضروب و عجز ہیں با صد فصاحت		تو افی میں عروضی ہیں عمل عام

۳۰	ہجر نبوی سے	یہ نادر کلام اور یہ سلسلے واہ لکھو توشیح راقم سال ہجرت	سنہ ۱۳۰۰


ریختۂ کلک عجز سلک مصنف دیوان ہذا بندۂ ہیچمدان

دوبارہ چھپا ہو یہ دیوان جب مدحت کہا دل نے طالب جو تاریخ چاہی	تصدق ہو جان اور قربان جی ہی یہ خوب اچھا دیوان نعت نبی ہی

تیمناً و تبرکاً از استادی سید قاسم علی صاحب خواہان

یہہ مرقع ہے ثنائے شہ کا سعی موفور محمد خان سے کلک خواہان نے رقم کی تاریخ	رونق نقش و نگار ثانی ہوئی دیوان کی پھر ارزانی بہتر اول سے چھپا ہی ثانی

تاریخ جناب حافظ علی احمد محمود اللہ شاہ صاحب قادری اویسی چشتی نظامی مذاقی متخلص شاہی ایضاً خلیفہ و شاگرد حضرت مذاق مدظلہ العالی	تاریخ جناب قاضی حکیم عنایت رسول صاحب مذاقی بدایونی مدظلہ العالی شاگرد رشید جناب مذنب مدظلہ العالی



اشتہار

الحمد للہ والمنہ کہ نسخہ مرغوب شہرہ دیوان طالب متضمن نعت حضرت رسول مقبول باسعی بسیار کے چھپکر شایع ہوا لہذا کوئی صاحب قصد طبع نفرماین فائدہ جائکر نقصان نہ اوٹھاین کیونکہ مصنف نے حق تالیف اپنا بنام محمد خان و حاجی محمد حسین کو عطا کیا ہی اور بغیر دستخط و مہر جو نسخے بیدین کے وہ مسروقہ ہی جو شخص اسکے علاوہ لائیگے اونکو فیجلد عہ انعام دیا جائیگا ۔ ۵ ذی الحجہ ۱۳۰۱ھ

مہر مصنف | دستخط مصنف

پتہ دوکان
بریلی بازار کلان گلی کتوا ٹولہ نسخہ ہذا
طلب فرماین